# صوم (روزہ) نہ رکھنا سخت ترین گناہ

قدرت کے باوجود بغیر کسی شرعی عذر کے ماہ رمضان کے ایک دن کا بھی صوم نہ رکھنا بڑا گناہ، اور اللہ کی ناراضگی اور اس کے عقاب کا سبب ہے، ایسے شخص کو چاہئے کہ فورا سچی توبہ کرے، اللہ سے اس گناہ کی مغفرت طلب کرے، جو کوتاہی ہوئی اس پر ندامت کا اظہار کرے، اور یہ عزم کرے کہ آئندہ اس سے یہ گناہ نہیں ہوگا، اور جتنی جلدی ہو اس کی قضاء کردے۔

صوم چھوڑ دینا کتنا بڑا گناہ ہے اس حدیث سے اندازہ لگا سکتے ہیں: ابوامامہ الباہلی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں میں نے نبی اکرم ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: میں سو رہا تھا میرے پاس دو فرشتے آئے اور دونوں نے میرے دونوں بازوؤں کو پکڑ لیا اور مجھے ایک سخت اور مشکل پہاڑ کے پاس لے کر آئے اور کہنے لگے اس پر چڑھو، میں نے کہا میرے پاس اس پر چڑھنے کی طاقت نہیں ہے، دونوں نے کہا ہم آپ کے لئے آسان کردیں گے، جب میں پہاڑی پر چڑھا تو بڑی سخت آواز سنائی دینے لگی، میں نے کہا یہ کیسی آواز ہے؟ کہا یہ جہنمیوں کی آواز ہے، پھر وہ دونوں مجھے آگے لے کر گئے، تو میں نے کچھ لوگوں کو الٹا لٹکتے ہوئے دیکھا ان کے جبڑے پھٹے ہوئے تھے اور ان سے لگاتار خون بہہ رہا تھا، میں نے کہا یہ کون لوگ ہیں؟ کہا: یہ وہ لوگ ہیں جو وقت سے پہلے افطار کرلیا کرتے تھے۔ (صحیح ابن خزیمہ، سنن کبری نسائی، صحیح ابن حبان وصححه الألبانی فی السلسلة الصحیحة رقم ۳۹۵۱)

سلسلہ صحیحہ میں اس حدیث کو ذکر کرنے کے بعد امام البانی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: یہ ان لوگوں کی سزا ہے جو صوم تو رکھتے تھے لیکن جان بوجھ کر وقت سے پہلے افطار کرلیا کرتے تھے، تو ایسے لوگوں کا کیا حال ہوگا جو سرے سے صوم ہی نہیں رکھتے ہیں، ہم اللہ تعالی سے دنیا وآخرت میں سلامتی وعافیت کا سوال کرتے ہیں۔ (انتہی)

امام ذہبی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: مؤمنوں کے نزدیک یہ ثابت شدہ امر ہے کہ جو بلا بیماری یا بلا کسی جائز عذر کے صوم چھوڑ دے تو وہ زانی اور شرابی سے بھی بدتر ہے، ان کے نزدیک اس کے اسلام ہی میں شک ہے، یہ زندیقیت ولادینیت ہے۔ (الکبائر: ص ۶۴)

لہذا ایسے لوگوں کے لئے جو صوم نہیں رکھتے ان کے لئے نصیحت ہے کہ وہ اللہ تعالی سے ڈریں، اس کے انتقام و دردناک عذاب سے بچیں، اور کل کا دن آنے سے پہلے سچی توبہ کرلیں آج عمل ہے حساب نہیں، کل حساب ہوگا عمل نہیں ہوگا۔

مختار احمد محمدی مدنی